یورپ کی حکومتیں حصہ اوّل از ڈاکٹر نسیم الدین احمد جعفری بارایٹ لا۔ سائز ۲۰×۳۰/۱۶ صفحات ۲۱۶ قیمت مجلد ایک روپیہ چار آنے عہ کاغذ بہتر کتابت، طباعت متوسط۔ ملنے کا پتہ۔ مکتبہ جامعہ دہلی۔

اردو زبان اگرچہ نصف صدی سے علمی زبان بن چکی ہے، اور ہر قسم کا علمی لٹریچر اس میں منتقل ہوتا جا رہا ہے تاہم سیاسی لٹریچر کی بھی بہت کمی ہے۔ پنجاب کے بعض اہل علم نے شروع میں اس طرف توجہ فرمائی اور آہستہ آہستہ ایک اچھا ذخیرہ اس سلسلہ میں بھی جمع ہو گیا۔

ڈاکٹر جعفری صاحب کی یہ کتاب بھی اس سلسلہ کی قابل ذکر کڑی ہے۔ اس کتاب میں یہ بتایا گیا ہے کہ یورپ کی حکومتیں برطانیہ، فرانس، اٹلی، اور ٹرکی، کے نظامہائے حکومت اور دستور و آئین کی تشکیل کن اصولوں پر کی گئی ہے، اور یہ حکومتیں مختلف شعبہ ہائے حکومت میں کس طرح حکمرانی کے فرائض انجام دیتی ہیں اور ساتھ ہی مختصر مگر جامع الفاظ میں ہر ملک کی سیاسی ارتقاء پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے ا۔ کتاب کے نام کے پیش نظر اگرچہ اس میں اور بھی بہت کچھ ہونا چاہئے تھا تاہم جس قدر موجود ہے مفید، اور ٹھوس معلومات کا ذخیرہ ہے اور اس لئے مصنف کی بحث قابل داد اور لائق ستائش ہے۔ " (ح)"

آتش خاموش از احسان دانش کاندھلوی۔ تقطیع ۲۹×۲۲/۱۶ قیمت مجلد ایک روپیہ صفحات ۲۰۰ کاغذ معمولی، کتابت طباعت بہتر، ملنے کا پتہ مکتبہ دانش مزنگ لاہور۔ اور۔ مکتبۂ برہان قرول باغ نئی دہلی

حضرت احسان دانش ملک کے اُن بلند پایہ شعرا کی صف میں ایک ممتاز حیثیت کے مالک ہیں، جن کی شاعری کا موضوع وقت کی ترجمانی، اور مقصد ایک ایسا پاکیزہ انقلاب ہے جس کے پیچھے امن و انسانیت، سکون و اطمینان کی زندگی جاگ رہی ہے، "آتش خاموش" احسان صاحب کی انقلاب انگیز نظموں اور بہترین تغزل کے ساتھ پیغام عمل کی سرمایہ دار غزلوں کا مجموعہ ہے